# کلاس: 9th

# مضمون: اسلامیات

# باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر

## ❖ علما و مفکرِین

- ➢ امام شاطبی رحمۃ اللہ علیو
- ➢ امام جلال الدین سیوطی
- ➢ ابن خلدون
- ➢ شیخ ابن عربی رحم اللہ علیو
- ➢ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ ال علیکم
- ➢ ابن رشد رحمۃ اللہ علیه

StudyNotes360.com

**معروضی سوالات (مشق)**

**(1) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کی مشہور کتاب ہے:**

(الف) الموافقات ✅

(ب) علوم القرآن

(ج) کتاب العبر

(د) تاریخ الخلفاء

**(2) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کا سنِ وفات ہے:**

(الف) 790 ہجری ✅

(ب) 792 ہجری

(ج) 794 ہجری

(د) 796 ہجری

**(3) علامہ ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کس ملک کے سلطان کے وزیر مقرر ہوئے؟**

**(الف)** تیونس ✅

(ب) مراکش

(ج) مصر

(د) نائیجیریا

**(4) ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کی شہرہ آفاق تصنیف ہے:**

**(الف)** مقدمہ ابن خلدون ✅

(ب) الاتقان فی علوم القرآن

(ج) سیر اعلام النبلاء

(د) تفسیر جلالین

**(5) امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ علیہ کی تصانیف کی تعداد ہے:**

**(ج)** پانچ سو سے زائد ✅

(الف) دو سو سے زائد

(ب) تین سو سے زائد

(د) سات سو سے زائد

**(6) ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کا لقب ہے:**

StudyNotes360.com

(**الف**) محی الدین ✅

(ب) معین الدین

(ج) نصیر الدین

(د) عماد الدین

**(7) ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف ہے:**

(**الف**) فتوحات مکیہ ✅

(ب) کشف المحجوب

(ج) بدایۃ المجتہد

(د) احیاء علوم الدین

**(8) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب ملتا ہے:**

(**ب**) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ✅

(الف) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

(د) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

**(9) شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ علیہ کو کمال حاصل تھا:**

(**الف**) علم حدیث میں ✅

(ب) علم نجوم

(ج) شاعری کے میدان میں

(د) علم انساب میں

StudyNotes360.com

**(10) ابن رشد کس سے متاثر تھے؟**

(ج) ارسطو سے ✅

(الف) امام غزالی سے

(ب) افلاطون سے

(د) ابن عربی سے

## <u>اہم معروضی سوالات:</u>

**(1) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟**

**(الف)** ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ ✅

(ب) ابو الحسن علی بن یوسف

(ج) محمد بن اسماعیل

(د) یحییٰ بن زکریا

**(2) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کی مشہور فقہی کتاب کا نام کیا ہے؟**

(الف) الرسالہ

**(ب)** الموافقات ✅

(ج) فتاویٰ شامی

(د) بدایۃ المجتہد

**(3) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کی وفات کس شہر میں ہوئی؟**

(الف) بغداد

(ب) مدینہ

StudyNotes360.com

**(ج)** قاہرہ ✅

(د) نیشاپور

**(4) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ نے قراءت قرآن کی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟**

(الف) مدینہ منورہ

**(ب)** شاطبہ ✅

(ج) مکہ مکرمہ

(د) دمشق

**(5) امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کی نماز جنازہ کس مشہور عالم نے پڑھائی؟**

(الف) امام نووی

(ب) امام ابن کثیر

**(ج)** علامہ عراقی ✅

(د) امام ذہبی

**(6) امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟**

**(الف)** عبد الرحمن ✅

(ب) احمد بن علی

(ج) یوسف بن اسماعیل

(د) ابو اسحاق

**(7) "الاتقان فی علوم القرآن" کس عالم دین کی مشہور تصنیف ہے؟**

(الف) امام نووی

StudyNotes360.com

(ب) امام رازی

**(ج) امام سیوطی** ✅

(د) امام طبری

**(8) امام سیوطی رحمہ اللہ علیہ کی پیدائش کہاں ہوئی؟**

(الف) بغداد

(ب) دمشق

**(ج)** اسیوط (مصر) ✅

(د) غرناطہ

**(9) امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ علیہ کی مشہور تفسیر کا نام کیا ہے؟**

(الف) تفسیر طبری

**(ب)** تفسیر جلالین ✅

(ج) تفسیر ابن کثیر

(د) تفسیر قرطبی

**(10) امام سیوطی رحمہ اللہ علیہ نے کتنے علوم میں کمال حاصل کیا؟**

(الف) پانچ

**(ب)** سات ✅

(ج) دس

(د) تین

**(11) ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کا مکمل نام کیا تھا؟**

StudyNotes360.com

**(الف)** ابو زید عبد الرحمن بن محمد ✅

(ب) ابو الفضل عبد اللہ بن محمد

(ج) ابو یعقوب یوسف بن اسحاق

(د) ابو الحسن علی بن احمد

**(12) ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کی شہرہ آفاق کتاب کا نام کیا ہے؟**

(الف) تاریخ الخلفاء

**(ب)** مقدّمہ ابن خلدون ✅

(ج) تاریخ طبری

(د) الفتح الربانی

**(13) ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کو سوشیالوجی کے کس عنوان سے یاد کیا جاتا ہے؟**

(الف) بانی فقہ

(ب) امام علم الکلام

**(ج)** عمرانیات کے امام ✅

(د) مفسر اعظم

**(14) ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کی پیدائش کہاں ہوئی؟**

(الف) قاہرہ

**(ب)** تیونس ✅

(ج) بغداد

(د) غرناطہ

StudyNotes360.com

**(15) ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کی وفات کس شہر میں ہوئی؟**

(الف) دمشق

(ب) غرناطہ

(ج) تیونس

**(د)** قاہرہ ✅

**(16) شیخ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کا لقب کیا تھا؟**

(الف) شیخ الاسلام

(ب) سلطان العارفین

(ج) شیخ الکامل

**(د)** شیخ اکبر ✅

**(17) شیخ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف کون سی ہے؟**

**(الف)** فتوحات مکیہ ✅

(ب) کشف المحجوب

(ج) تفسیر کبیر

(د) احیاء العلوم

**(18) شیخ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کہاں پیدا ہوئے تھے؟**

(الف) بغداد

(ب) دمشق

**(ج)** مرسیہ (اندلس) ✅

StudyNotes360.com

(د) قاہرہ

**(19) شیخ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کی وفات کس شہر میں ہوئی؟**

(الف) بیت المقدس

(ب) اشبیلیہ

**(ج)** دمشق ✅

(د) مکہ مکرمہ

**(20) شیخ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ نے تصوف کی تعلیم کہاں حاصل کی؟**

**(الف)** اشبیلیہ ✅

(ب) غرناطہ

(ج) بخارا

(د) مدینہ منورہ

**(21) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ علیہ کا لقب کیا تھا؟**

(الف) محدث ہند

**(ب)** سراج الہند ✅

(ج) شاہ العالم

(د) سلطان العارفین

**(22) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ علیہ کس کے صاحبزادے تھے؟**

(الف) شاہ عبدالقادر

(ب) شاہ رفیع الدین

StudyNotes360.com

**(ج)** شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ✅

(د) شاہ اسماعیل شہید

**(23) شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب کس صحابی سے جا ملتا ہے؟**

(الف) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

**(د)** حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ✅

**(24) شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ علیہ نے علوم حدیث و تفسیر کی تدریس کب شروع کی؟**

**(الف)** والد کی وفات کے بعد ✅

(ب) 20 سال کی عمر میں

(ج) 60 سال کی عمر میں

(د) شاہ رفیع الدین کے کہنے پر

**(25) شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ علیہ کی وفات کب ہوئی؟**

(الف) 1220 ہجری

(ب) 1230 ہجری

**(ج)** 1239 ہجری ✅

(د) 1242 ہجری

**(26) ابن رشد رحمہ اللہ علیہ کی پیدائش کہاں ہوئی؟**

(الف) بغداد

StudyNotes360.com

(ب) مراکش

**(ج)** قرطبہ ✅

(د) دمشق

**(27) ابن رشد رحمہ اللہ علیہ نے کس مشہور یونانی فلسفی کی کتابوں کی تشریح کی؟**

(الف) سقراط

(ب) افلاطون

**(ج)** ارسطو ✅

(د) جالینوس

**(28) ابن رشد رحمہ اللہ علیہ کی مشہور فقہی کتاب کون سی ہے؟**

(الف) المغنی

**(ب)** بدایۃ المجتہد ✅

(ج) المحلی

(د) الفتاویٰ

**(29) ابن رشد رحمہ اللہ علیہ کو فلسفہ میں کس حکمران نے مدعو کیا؟**

(الف) ابو جعفر منصور

**(ب)** یوسف بن عبدالرحمٰن ✅

(ج) عبدالرحمٰن الداخل

(د) المنصور

**(30) ابن رشد رحمہ اللہ علیہ نے کس منصب پر بھی خدمات سر انجام دیں؟**

StudyNotes360.com

(الف) وزیر خزانہ

(ب) چیف معالج

(ج) قاضی ✅

(د) مدرس حدیث

## مختصر جواب دیں (مشق)

**➊ امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کا مختصر تعارف:**

امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کا اصل نام ابو اسحاق ابراہیم بن موسیٰ الشاطبی تھا۔ آپ 8ویں صدی ہجری کے معروف فقیہ، محدث اور اصولی عالم تھے۔ آپ کی پیدائش غرناطہ (اندلس) میں ہوئی۔ آپ نے قرآن، حدیث، فقہ اور عربی ادب کی تعلیم حاصل کی اور علمی میدان میں گہرے اثرات چھوڑے۔ آپ کی مشہور کتب نے اسلامی علوم میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ آپ کا وصال 790 ہجری کو قاہرہ میں ہوا۔

**➋ امام شاطبی رحمہ اللہ علیہ کن علوم کے ماہر تھے؟**

- علم فقہ
- اصول فقہ
- علم تفسیر
- علم قراءات
- عربی ادب

آپ رحمہ اللہ فقہ مالکی کے عظیم فقیہ اور اصولی مانے جاتے ہیں۔ انہوں نے اجتہاد اور مقاصدِ شریعت جیسے اہم موضوعات پر علمی بنیاد رکھی۔

**➌ امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ علیہ کی دو مشہور تصانیف:**

1. تفسیر جلالین

2. الاتقان فی علوم القرآن

StudyNotes360.com

یہ دونوں کتابیں تفسیر اور علوم القرآن کے اہم ماخذ مانی جاتی ہیں۔ جلالین تفسیر قرآن کا جامع اور مختصر خلاصہ ہے جبکہ الاتقان قرآن کے سائنسی و تحقیقی علوم پر مبنی کتاب ہے۔

**④ امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ علیہ کن علوم کے ماہر تھے؟**

- علم تفسیر
- علم حدیث
- فقہ اسلامی
- علم نحو و صرف
- معانی، بیان، بدیع
- علم تاریخ

آپ کو اللہ تعالیٰ نے سات علوم میں مہارت عطا کی، جیسا کہ خود انہوں نے فرمایا۔

**⑤ علامہ ابن خلدون رحمہ اللہ علیہ کی شہرہ آفاق کتاب:**

**"مقدمہ ابن خلدون"**

یہ کتاب فلسفہ تاریخ، عمرانیات، سیاسیات اور معیشت جیسے موضوعات پر اولین اور جامع تحقیق ہے۔

**⑥ علامہ ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ کی علمی خدمات:**

- فلسفہ تاریخ کے بانی تصور کیے جاتے ہیں
- علم عمرانیات (Sociology) میں امام کا درجہ رکھتے ہیں
- تاریخ نگاری میں علمی و تحقیقی اسلوب متعارف کرایا
- فلسفہ، منطق، علم الکلام، اور سیاسیات پر گہری تحقیق کی
- ان کی تحریریں یورپ کی نشاۃ ثانیہ پر بھی اثرانداز ہوئیں

**⑦ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کا مکمل نام:**

- محمد بن علی بن محمد بن احمد ابن عربی الطائی الاندلسی
- ان کا لقب "محی الدین" اور لقبِ شہرت "شیخ اکبر" ہے۔

**⑧ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ نے کن موضوعات پر کتب تصنیف کیں؟**

StudyNotes360.com

- علم تصوف
- فلسفہ و معرفت
- تفسیر
- حدیث
- سیرت
- صوفیانہ شاعری

ان کی مشہور تصانیف "فتوحات مکیہ" اور "فصوص الحکم" ہیں۔

**⑨ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف:**

آپ رحمہ اللہ 1159 ہجری میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ آپ کا اصل نام غلام علی تھا اور آپ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے صاحبزادے تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ آپ "سراج الہند" کے لقب سے مشہور ہوئے۔ آپ محدث، مفسر، فقیہ اور سیاسی رہنما تھے۔

**⑩ شاہ عبد العزیز رحمہ اللہ علیہ نے کن علوم کے فروغ کے لیے کارہائے نمایاں سرانجام دیے؟**

- علم حدیث و تفسیر کی تدریس و ترویج
- درسِ قرآن و سنت کا احیاء
- فتویٰ نویسی کے ذریعے شرعی رہنمائی
- تصانیف کے ذریعے فرقِ باطلہ کا رد
- شاگردوں کی تربیت سے علمی سلسلہ جاری رکھا

StudyNotes360.com

**⑪ ابن رشد رحمہ اللہ علیہ کا مختصر تعارف:**

ابن رشد رحمہ اللہ علیہ کا اصل نام ابو الولید محمد بن احمد بن رشد تھا۔ وہ اندلس (قرطبہ) کے مشہور فقیہ، فلسفی، مفسر، طبیب اور قاضی تھے۔ انہوں نے ارسطو کی کتابوں کی شرح لکھ کر یورپ میں علمی انقلاب کی بنیاد رکھی۔ آپ نے اسلامی فلسفہ کو منظم اور مدلل انداز میں پیش کیا۔ آپ کا انتقال 595 ہجری میں ہوا۔

**⑫ ابن رشد رحمہ اللہ علیہ کی ایک مشہور کتاب:**

- ❖ **بداية المجتهد ونهاية المقتصد**

یہ کتاب اسلامی فقہ کے مختلف مکاتب فکر کا تقابلی جائزہ پیش کرتی ہے۔

## Note:

This chapter is designed to provide a solid foundation of knowledge, with the goal of deepening understanding and encouraging further exploration of the subject. The content has been carefully selected to support effective learning and inspire students to engage with the topic more deeply.

### Author: Muhammad Asghar

**Purpose**: To contribute to education by offering insightful, valuable content that enhances learning and understanding.

### Copyright & Usage Policy

© **2025 Muhammad Asghar**. All rights reserved.
No part of these notes may be reproduced, redistributed, or used for commercial purposes without explicit written permission from the author. These notes are intended solely for personal study and educational use.

StudyNotes360.com